سوال

کیا سجدہ سہو میں نماز کے سجدوں کی طرح دونوں سجدوں کی درمیانی دعا پڑھی جائے گی؟

جواب

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

سجدہ سہو کرنے کا طریقہ :

سجدہ سہو کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ انسان تشہد کی حالت میں سلام پھیرنے سے پہلے دو سجدے کرے پھر سلام پھیر دے، یا سلام پھیرنے کے بعد دو سجدے کرے اور سلام پھیر دے، دونوں طرح جائز ہے، لیکن یاد رہے کہ سجدہ سہو کے بعد دوبارہ تشہد کے لیے نہیں بیٹھا جائے گا بلکہ فوراً سلام پھیر دیا جائے گا، کیوں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سجدہ سہو کرنے کے بعد دوبارہ تشہد کے لیے بیٹھنا ثابت نہیں ہے۔

سجدہ سہو کے لیے کوئی دعا خاص نہیں ہے بلکہ وہی دعائیں پڑھی جائیں گی جو نماز میں سجدہ کی حالت میں پڑھی جاتی ہیں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دو سجدوں کے درمیان دعا پڑھا کرتے تھے وہ دعا سجدہ سہو کرتے بھی پڑھی جائے گی۔

سیدنا حذیفہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی ﷺ دو سجدوں کے درمیان یوں کہا کرتے تھے : رَبِّ اغْفِرْلِی، رَبِّ اغْفِرْلِی) اے میرے رب! مجھے بخش دے، اے میرے رب! میری مغفرت فرما۔'' (سنن ابن ماجہ، إقامة الصلاة والسنة فيها : 897) (صحیح)

واللہ أعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

فضیلۃ الشیخ جاوید اقبال سیالکوٹی	فضیلۃ الشیخ عبد الخالق حفظہ اللہ